www.prepp.in

prepp
Your Personal Exams Guide

Test Booklet Code & Serial No.
प्रश्नपत्रिका कोड व क्रमांक

**D**

# Paper-II
# URDU

Seat No. [ ] (In figures as in Admit Card)

Seat No. ........................................................ (In words)

OMR Sheet No. [ ] (To be filled by the Candidate)

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) .........................................
(Name) ..................................................

2. (Signature) .........................................
(Name) ..................................................

## APR - 05224

**Time Allowed : 2 Hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **20** Number of Questions in this Booklet : **100**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **100** objective type questions. Each question will carry *two* marks. *All* questions of Paper II will be compulsory.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   (*i*) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.
   (*ii*) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.
   (*iii*) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** where (C) is the correct response.
   (A) (B) ● (D)
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. Use only Blue/Black Ball point pen.
11. Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.
12. There is no negative marking for incorrect answers.

**विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना**

1. परीक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत 100 बहुपर्यायी प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनिटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात.
   (*i*) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्वीकारू नये.
   (*ii*) पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/प्रश्नांचा चुकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी. त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया विद्यार्थ्यांनी नोंद घ्यावी.
   (*iii*) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पाहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा नंबर लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा. :** जर (C) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) (B) ● (D)
5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत.** इतर ठिकाणी लिहिलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. वर नमूद केलेल्या ठिकाणाव्यतिरिक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापि, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.
11. कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.
12. चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

www.prepp.in

prepp
Your Personal Exams Guide

APR - 05224/II—D

# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 120 Minutes]** **[Maximum Marks : 200**

**Note :** This paper contains **Hundred (100)** multiple choice questions. Each question carrying **Two (2)** marks. Attempt *All* questions

1. فرحت اللہ بیگ کی تصنیف 'نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کس مصنف میں آتی ہے؟

(A) خاکہ (B) مضمون

(C) سفرنامہ (D) سوانح

2. ''انشا اور تلفظ'' کس کی کتاب ہے؟

(A) رشید حسن خاں

(B) امتیاز علی خان عرشی

(C) گیان چند جین

(D) مولوی عبدالحق

3. اُردو میں نفسیاتی تنقید کا بنیاد گزار کون ہے؟

(A) مسود حسین خان

(B) احتشام حسین

(C) گوپی چند نارنگ

(D) میرا جی

4. درج ذیل اقتباس کس افسانے سے موخوذ ہے؟

''جوں جوں اندھیرا ہوتا جاتا تھا اس کی جان خشک ہوتی جاتی تھی اس پر دائیں آنکھ بھی پھڑ کنے لگی خیالات اور بھی خوفناک صورت اختیار کرنے لگے کوئی دیوتا نہ بچا جس کی اس نے منت نہ مانی ہو کبھی صحن میں اگر بیٹھ جاتی کبھی دروازے پر جاکر کھڑی ہو جاتی اس کا دل کسی خوف زدہ طائر کی مانند کبھی نشمین میں آ بیٹھا اور کبھی شاخ پر کھانا پکانے کا خیال کسے تھا۔''

(A) معصوم بچہ

(B) بدنصیب ماں

(C) مفت کرم داشتن

(D) قاتل کی ماں

www.prepp.in



5. ولی دکنی کس مغل بادشاہ کے ہم عصر تھے؟

(A) بہادر شاہ ظفر

(B) اورنگ زیب عالمگیر

(C) شاہجہاں

(D) اکبر

6. مرثیہ کی ابتداء کس صدی میں ہوئی ؟

(A) سترویں صدی

(B) سولھویں صدی

(C) انیسویں صدی

(D) اٹھارویں صدی

7. قصیدے کے اجزاء میں تشبیب کسے کہتے ہیں؟

(A) وہ اشعار جو قصیدہ کے آخر میں کہے جاتے ہیں

(B) وہ اشعار جو تمہید کے طور پر لکھے جاتے ہیں

(C) وہ اشعار جن میں شاعر بات سے بات پیدا کرتے ہوئے گزر جاتا ہے

(D) وہ اشعار جو درمیان میں پیش کئے جاتے ہیں

8. مخدوم محی الدین کی پیدائش کب اور کہا ہوئی ؟

(A) 3 فروری 1908ء کو میدک میں

(B) 18 فروری 1918ء کو حیدرآباد میں

(C) 20 فروری 1905ء کو لاہور میں

(D) 13 فروری 1915ء کو دہلی میں

9. لغوی اعتبار سے آوازوں کے مطالعہ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) فونمیات

(B) صوتیات

(C) مارفیات

(D) نحویات

10. ساحرلدھیانوی کا نام کیا تھا؟

(A) عبدالحئ

(B) محمد عبداللہ

(C) اسرارالحق

(D) محمد ولی

www.prepp.in

prepp
Your Personal Exams Guide



11. میرا جی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) عظمت اللہ

(B) محمد ثنا اللہ ڈار

(C) ظفر اللہ خان

(D) محمد حسین

12. اُردو میں پہلا واسوخت نگار کون ہے؟

(A) حاتم

(B) ناجی

(C) مضمون

(D) آبرو

13. ذیل میں کون سی کتاب سرسید کی نہیں ہے؟

(A) آثار الصنادید

(B) حیات جاوید

(C) خطبات احمدیہ

(D) اسباب بغاوت ہند

14. 'آنکھیں ترستیاں ہیں'' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟

(A) یوسف ناظم

(B) جگن ناتھ آزاد

(C) ظہر احمد صدیقی

(D) خواجہ احمد فاروقی

15. اُردو شاعری کے لئے سادگی، اصلیت اور جوش کا نظریہ کس نقاد نے پیش کیا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) شبلی نعمانی

(C) کلی الدین احمد

(D) الطاف حسین حالی

16. پریم چند کے افسانوی مجموعے واردات میں شامل افسانہ 'بدنصیب ماں' کا کردار کون سا ہے؟

(A) بھگونتی

(B) پھول متی

(C) پریما

(D) رجنی

17. داستان باغ و بہار کا آغاز کس کردار سے ہوتا ہے؟

(A) بختیار

(B) آزاد بخت

(C) خواجہ احمد

(D) مہر نگار

18. کس شاعر کا کلیات ''حاصلِ سیر جہاں'' کے نام سے شائع ہوا ہے؟

(A) خلیل الرحمن اعظمی

(B) عرفان صدیقی

(C) وحید اختر

(D) شہریار

19. میر ببر علی کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟

(A) بیّر

(B) غم

(C) یاس

(D) حزیں

20. اُردو کی ابتداء پنجاب سے ہوئی۔ یہ نظریہ کس کا ہے؟

(A) محی الدین قادرزور

(B) پروفیسر محمود شیرانی

(C) محمد حسین آزاد

(D) ڈاکٹر چٹرجی

21. فورٹ ولیم کالج کس سنہ میں قائم ہوا؟

(A) 1757ء

(B) 1857ء

(C) 1725ء

(D) 1800ء

22. جس نظم میں شہروں کی بدنظمی بد حالی اور بربادی کا ذکر ہوتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) واسوخت

(B) مرثیہ

(C) شہر آشوب

(D) نوحہ

23. ادب میں جدیدیت کے رجحان کو کس نقاد نے سب سے زیادہ فروغ دیا؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) احتشام حسین

(C) شمس الرحمن فاروقی

(D) محمد حسن

24. ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) سجاد حیدر یلدرم

(B) کنہیالال کپور

(C) احمد جمال پاشا

(D) پطرس بخاری

25. درج ذیل میں سے کن کا تعلق مارکسی تنقید سے ہے؟

(A) حسن عسکری

(B) گوپی چند نارنگ

(C) شمس الرحمٰن فاروقی

(D) احتشام حسین

26. ذیل میں توبتہ النصوح میں نسوائی کردار کون ہے؟

(A) رشیدہ

(B) فہمیدہ

(C) سعیدہ

(D) عالیہ

27. کس کردار کا تعلق ڈرامہ ''آگرہ بازار'' سے نہیں ہے؟

(A) پتنگ والا

(B) کتب فروش

(C) نقل نویس

(D) تذکرہ نویس

28. ''خدائے سخن'' کس شاعر کو کہا گیا ہے؟

(A) حسرت موہانی

(B) مرزا غالبؔ

(C) میرتقی میر

(D) مومن خان مومن

29. میرتقی میرؔ نے اپنی زندگی کے حالات کس نام سے لکھے ہیں؟

(A) حیات میر

(B) فکر میرؔ

(C) ذکر میر

(D) تذکرہ میر

30. گولکنڈہ کی پہلی طبع زاد مثنوی کون سی ہے؟

(A) مینا ستونتی

(B) قطب مشتری

(C) پھول بن

(D) یوسف زلیخا

31. ویدک سنسکرت کا عہد کیا ہے؟
(A) 1500 ق.م. تا 700 ق.م.
(B) 1500 ق.م. تا 600 ق.م.
(C) 1000 ق.م. تا 500 ق.م.
(D) 1500 ق.م. تا 1000 ق.م.

32. اکبر الہ آبادی نے نظم جلوۂ دربار دہلی کس سنہ میں لکھی؟
(A) 1911ء
(B) 1912ء
(C) 1913ء
(D) 1922ء

33. اُردو میں ایہام گوئی کی بنیاد کس نے ڈالی؟
(A) حاتم
(B) میر
(C) غالب
(D) مومن

34. خاکہ ''نام دیو مالی' اور 'کندن' میں کیا مماثلت ہے؟
(A) دونوں گمنام شخصیت ہیں
(B) دونوں اعلی شخصیت کے مالک ہیں
(C) دونوں امیر و کبیر ہیں
(D) دونوں ہمہ جست شخصیت کے مالک ہیں

35. محمد حسین آزاد نے 'آب حیات' کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟
(A) چار
(B) پانچ
(C) چھ
(D) سات

36. ذیل میں کون سا ناول انتظار حسین کا ہے؟
(A) اداس نسلیں
(B) بستی
(C) خدا کی بستی
(D) فردوس بریں

37. انارکلی کے پہلے باب میں کل کتنے مناظر ہیں؟
(A) ایک
(B) دو
(C) تین
(D) چار

38. کون سے دکنی شاعر نے شمال اور جنوب کے درمیان ربط قائم کیا؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) ملا وجہی

(C) ولی دکنی

(D) سراج اورنگ آبادی

39. مثنوی پھول بن میں کتنے مرکزی قصے ہیں؟

(A) تین

(B) چار

(C) پانچ

(D) چھ

40. ''اُردو زبان میں فن داستان گوئی'' کا مصنف کون ہے؟

(A) فرمان فتحپوری

(B) عبدالقادر سروری

(C) کلیم الدین احمد

(D) وقار اعظم

41. اُردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) ترکی

(B) فارسی

(C) عربی

(D) سندھی

42. اُردو کے اولین نمونے ہمیں کس دور سے ملتے ہیں؟

(A) قطب شاہی دور سے

(B) بہمنی دور سے

(C) عادل شاہی دور سے

(D) آصفیہ دور سے

43. کس کے مشورے پر سوداؔ نے فارسی سے اردو شاعری کی طرف رخ کیا؟

(A) مظہر جانِ جاناں

(B) شاہ حاتم

(C) خان آرزوؔ

(D) میر تقی میرؔ

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



44. نظیر اکبرآبادی کا کیا نام ہے؟

(A) محمد فاروق

(B) ولی محمد

(C) عطا محمد

(D) محمد نبی

45. نظامی بیدری کس عہد کا شاعر ہے؟

(A) بہمنی

(B) عادل شاہی

(C) قطب شاہی

(D) مغلیہ

46. شاعرِ بے دماغ کسے کہا جاتا ہے؟

(A) مصحفیؔ

(B) سوداؔ

(C) ناسخؔ

(D) میرؔ

47. مرزا غالبؔ کے ہم عصر کون تھے؟

(A) سراج اورنگ آبادی

(B) مومن خان مومنؔ

(C) مخدوم محی الدین

(D) جوش ملیح آبادی

48. علامہ اقبال نے فلسفہ کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

(A) پنجاب یونیورسٹی

(B) لندن یونیورسٹی

(C) میونخ یونیورسٹی

(D) دہلی یونیورسٹی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



49. مولانا محمد حسین آزاد کو شمس العلماء کا خطاب کب ملا تھا؟

(A) 1888ء

(B) 1895ء

(C) 1887ء

(D) 1878ء

50. ''جمبو جیٹ یعنی بوئنگ 747 میں جگہ بہت ہوتی ہے۔ اندر سے یہ جہاز نہیں دیوان خانہ بلکہ شیسا ہال نظر آتا ہے اس فرق کے ساتھ کے وہاں لوگ پچھے باندھے کوکا کولا اور مونگ پھلی بیچتے دکھائی دیتے ہیں۔ یاں شائتہ اور مہربان بی بیان آپ پر ہزار جان سے نہ سہی مروت سے مسکراہٹوں کا چھڑکاؤں کرتی گزرتی ہیں۔''

یہ عبارت کس کتاب کی ہے؟

(A) مسافران لندن

(B) سفرنامہ روم ومصر وشام

(C) ابن بطوطہ کے تعاقب میں

(D) جاپان چلو جاپان چلو

51. ''اُردو میں ترقی پسند ادبی تحریک'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) سردار جعفری

(B) آل احمد سرور

(C) وحید اختر

(D) خلیل الرحمٰن اعظمی

52. کون سی داستان میں چار درویشوں کی آپ بیتی بیان کی گئی ہے؟

(A) سب رس

(B) آرائش محفل

(C) فسانہ آزاد

(D) باغ وبہار

53. میر سیّد کے علاوہ لندن کس کا سفر نامہ ہے؟

(A) مولوی سمیع اللہ خان

(B) مولوی چراغ

(C) حسرت موہانی

(D) مولانا ابوالکلام آزاد

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



54. کرشن چندر کا پہلا افسانہ کون سا ہے؟

(A) پاگل پاگل

(B) کالو بھنگی

(C) یرقان

(D) مہالکشمی کا پل

55. داستان ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے کنور اودے بھان کے باپ کا نام کیا ہے؟

(A) راجہ جگت پرکاش

(B) سورج بھان

(C) امراوت

(D) مہندر گر

56. ڈرامہ انارکلی میں ''زنداں کا بیرونی منظر'' باب سوم کے کس منظر میں پیش کیا گیا ہے؟

(A) منظر دوم

(B) منظر سوم

(C) منظر چہارم

(D) منظر پنجم

57. ڈپٹی نذیر احمد کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(A) یاٰی

(B) ابن الوقت

(C) توبتہ النصوح

(D) مراۃ العروس

58. ''آگ کا دریا'' کا آغاز انگریزی کے کس شاعر کی نظم سے ہوتا ہے؟

(A) کالرج

(B) بائرن

(C) ٹی.ایس.ایلیٹ

(D) ورڈس ورتھ

59. دیا شنکر نسیم کے استاد کون تھے؟

(A) ناسخ

(B) میر حسن

(C) خواجہ حیدر علی آتش

(D) جرأت لکھنوی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



60. ’’حسین مجھے بچاء میں جانتا ہوں کہ تو شجر معرفت کی ایک شاخ ہے۔‘‘
یہ جملہ فردوس برین کے کس کردار نے ادا کیا ہے؟

(A) شیخ علی وجودی

(B) کاظم جنونی

(C) طورمعنی

(D) رکن الدین خورشاہ

61. درج ذیل میں سے کس کا تعقل مشرقی تصور نقد سے ہے؟

(A) لان جائنس

(B) ٹی. ایس. ایلیٹ

(C) ابن خلدون

(D) آئی. اے. رچرڈز

62. مطبوعہ سے کیا مراد ہے؟

(A) تحریر شدہ

(B) غیر تحریر شدہ

(C) خام مواد

(D) شائع شدہ

63. کاشف الحقائق کے مصنف کون ہیں؟

(A) مالک رام

(B) امداد امام اثر

(C) قاضی عبدالودود

(D) حسن عسکری

64. سفر نامہ روم و مصر و شام کا مصنف کون ہے؟

(A) رام لال

(B) مجتبیٰ حسین

(C) ابن انشا

(D) شبلی نعمانی

65. اُردوئے معلیٰ کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

(A) ایک

(B) دو

(C) تین

(D) چار

66. حلقہ ارباب ذوق سے کس کا تعلق ہے؟

(A) اقبال

(B) محمد حسین آزاد

(C) میرا جی

(D) مخدوم محی الدین

67. ''مرزا غالب اور ہند مغلی جمالیات'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(A) وزیر آغا

(B) شکیل الرحمن

(C) شارب ردولوی

(D) محمد حسن

68. ہندوستان میں ریڈیو نشریات کا باضابطہ آغاز کس سنہ سے ہوا؟

(A) 1920ء

(B) 1927ء

(C) 1930ء

(D) 1932ء

69. قطعہ میں کم سے کم کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دو

(B) چار

(C) چھ

(D) آٹھ

70. غزل کے ہر شعر پر مزید تین تین مصرعہ لگانا اصطلاح شاعری میں کیا کہلاتا ہے؟

(A) تضمین

(B) شہر آشوب

(C) ترکیب بند

(D) تخمیس

71. ذیل میں سے کس صنف میں قافیہ نہیں ہوتا ہے؟

(A) غزل

(B) قصیدہ

(C) ہائیکو

(D) قطعہ

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide



72. کس شاعر کا تعلق دبستان دہلی سے نہیں ہے؟

(A) میر تقی میر

(B) مرزا رفیع سودا

(C) انشاءاللہ خاں انشاء

(D) درد

73. اختر الایمان کو ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ کب ملا؟

(A) 1962ء

(B) 1963ء

(C) 1964ء

(D) 1965ء

74. اُردو کا تعلق زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟

(A) دراویدی

(B) الطائی

(C) ہندآریائی

(D) آسٹروایشائی

75. نظم 'ماورا' کس شاعر کی ہے؟

(A) ساحرلدھیانوی

(B) مخدوم محی الدین

(C) ن.م.راشد

(D) اخترالایمان

76. کسی بھی اخبار کا اداریہ کس پہلو کو سامنے رکھ کر لکھا جاتا ہے؟

(A) حالات حاضرہ

(B) سیاسی پہلو

(C) نصریاتی پہلو

(D) مدیر کا اظہار خیال

77. شمالی ہند کی طبع زاد داستان کون سی ہے جس میں لکھنؤ کی تہذیب و معاشرت پیش کی گئی ہے؟

(A) بوستان خیال

(B) کربل کتھا

(C) سب رس

(D) فسانہءعجائب

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



78. ''گھر میں آنا مرغیوں کا'' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) پطرس بخاری

(B) مشتاق احمد یوسفی

(C) احمد جمال پاشا

(D) رشید احمد صدیقی

79. حالی سے پہلے تنقید کے نمونے کس صورت میں ملتے تھے؟

(A) تذکرے

(B) تاریخ

(C) خطوط

(D) سفرنامہ

80. ''تلوکہ'' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) نرملا

(B) ذات شریف

(C) ایک چادر میلی سی

(D) افسانہ آزاد

81. کس ڈرامے میں چھند، ٹھمری اور بسنت دھن ملار وغیرہ کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) آگرہ بازار

(B) اندرسبھا

(C) ضحاک

(D) یہودی کی لڑکی

82. اُردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(A) علی عادل شاہ

(B) محمد قلی قطب شاہ

(C) امیر خسرو

(D) ولی اورنگ آبادی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



83. ''آوازِ حق'' کے عنوان سے کس نے مرثیہ لکھ کر جدید مرثیے کی داغ بیل ڈالی؟

(A) انیسؔ

(B) دبیرؔ

(C) جوشؔ

(D) غالبؔ

84. ذوق کو کس نے خاقانی ہند کا خطاب عطا کیا تھا؟

(A) بہادر شاہ ظفر

(B) اکبر شاہ ثانی

(C) مرزا الٰہی بخش

(D) مہاراجہ چندولال

85. ملا وجہی کی ''سب رس'' کس اسلوب میں لکھی گئی ہے؟

(A) علامتی

(B) تمثیلی

(C) استعاراتی

(D) کنایاتی

86. بوستانِ خیال کے مصنف میر تقی خیال کس شہر کے رہنے والے تھے؟

(A) کلکتہ

(B) دہلی

(C) لکھنؤ

(D) احمد آباد

87. وہ نظم جس کے ہر مصرعے کے آخر میں کچھ موزوں لفظ بڑھا دئے جائیں، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) ترکیب بند

(B) ترجیع بند

(C) ستزاد

(D) مسمط

88. دہلی کالج کے متعلق کون سی خبر غلط ہے؟

(A) دلی کالج 1857ء کی بغاوت کے بعد بند ہوگیا تھا

(B) دلی کالج دوبارہ مئی 1864ء میں ازسرنو قائم ہوا تھا

(C) للولال دلی کالج کے طالب علم تھے

(D) ماسٹر رام چندر ریاضی کے بڑے استاد تھے

89. مجتبیٰ حسین نے اپنے سفر نامے جاپان چلو میں جاپان کی قدیم راجدھانی کا کیا نام لکھا تھا؟

(A) اوساکا

(B) کیوٹو

(C) یوکوہاما

(D) ٹوکیو

90. احتشام حسین کس نظریہ تنقید کے نقاد ہیں؟

(A) جمالیاتی

(B) ترقی پسند

(C) مابعد جدیدیت

(D) تاثراتی

91. مرزا گوہر کس ناول کا کردار ہے؟

(A) گودان

(B) امراؤ جان ادا

(C) ایک چادر میلی سی

(D) آگ کا دریا

92. درج ذیل سے کون سا کردار ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' سے نہیں ہے؟

(A) مارکس

(B) حنا

(C) ستارہ

(D) آکٹیویا

93. درج ذیل شعرا کی صحیح زمانی ترتیب کیا ہے؟

(A) میر، غالب حسرت، ولی

(B) ولی، حسرت، غالب، میر

(C) غالب، حسرت، میر، ولی

(D) ولی، میر، غالب، حسرت

94. غالب، مومن اور ذوق کا تعلق کس دبستان شاعری سے ہے؟

(A) دبستان لکھنؤ

(B) دبستان دہلی

(C) دبستان دکن

(D) دبستان رام پور

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



95. درج ذیل جملے میں خالی جگہ کو مناسب تعداد سے پر کیجئے:

قصیدہ میں اشعار کی تعداد کم سے کم ....... ہے اور زیادہ کی کوئی قید نہیں ہے۔

(A) 20

(B) 21

(C) 22

(D) 23

96. دکنی ادب کی تاریخ کس کی کتاب ہے؟

(A) محی الدین قادری زور

(B) سیدہ جعفر

(C) مولوی عبدالحق

(D) سید سلیمان ندوی

97. فیض احمد فیض کو لینن ایوارڈ کب ملا؟

(A) 1962ء

(B) 1963ء

(C) 1966ء

(D) 1967ء

98. اردو ادب کا پہلا باقاعدہ رپورتاژ کون سا ہے؟

(A) پیڑ

(B) پودے

(C) پھول

(D) پتے

99. بستے ہیں ترے سایہ میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے تو ہے گھر دیر و حرم کا

مندرجہ بالا شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے؟

(A) تجاہل عارفانہ

(B) تحریر

(C) ایہام

(D) لف ونشر

100. ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق دبستان لکھنؤ سے ہے؟

(A) مومنؔ

(B) ذوقؔ

(C) غالبؔ

(D) مصحفیؔ

www.prepp.in



## ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

www.prepp.in